www.darulehsanpublications.com

فضائل و مسائل ربیع الاوّل

جواہر غیبی میں ہے کہ اس مہینہ میں بارہ روز تک روح مبارک صلی اللہ علیہ وسلم پر ہدیہ اس نماز کا بھیجتا رہے۔ کیونکہ حضرات صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین بھی ان رکعتوں کا ثواب ہدیہ روح اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجا کرتے تھے اور وہ بیس رکعتیں ہیں۔ ہر رکعت میں اکیس اکیس بار سورۂ اخلاص پڑھی جاتی ہے۔ اگر روز مرّہ بارہ دن تک توفیق نہ ہو تو دوسری تاریخ اور بارھویں تاریخ کو ضرور ہی بیس رکعت بترکیب مذکورۃالصدر پڑھ کر روح پُر فتوح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدیہ پہچائے کہ اس نماز کے پڑھنے والوں کو روحی فدا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں جنت کی بشارت دی ہے۔ اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا دیکھنا اور بشارت دینا بعد وفات مثل زندگی کے ہے۔

کتاب الاوراد میں لکھا ہے کہ جب ربیع الاوّل کا چاند نظر آوے اس رات کو سولہ رکعت نفل پڑھے دودو رکعت کی نیت سے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھے۔ جب فراغت پاوے تو کل نفلوں کے بعد یہ درود شریف ایک ہزار بار پڑھے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَرَحْمَۃُ اللہِ وَبَرَکَاتُہٗ

اور اس درود کو بارہ روز تک پڑھے پس حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھے گا مگر بعد عشاء کے اس کو پڑھا کرے اور باوضو سویا کرے۔ کتاب المشائخ میں لکھا ہے کہ جب چاند ربیع الاوّل کا نظر آوے اسی شب سے تمام مہینے تک یہ درود شریف ہمیشہ ایک ہزار پچیس بار بعد نماز عشاء جو پڑھے گا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھے گا۔ وہ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اور اسی کتاب میں لکھا ہے کہ جو کوئی اس درود شریف کو ربیع الاوّل میں سوالاکھ مرتبہ پڑھے، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں ضرور دیکھے گا۔ وہ درود شریف یہ ہے:

صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

یا یوں پڑھے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللہِ